# ایکویریم رکھنے والوں کیلئے مشورہ

## ذاتی تحفظ

☆ ایکویریم کی دیکھ بال کرنے سے پہلے اور بعد میں کم از کم 20 سیکنڈ کے لئے صابون سے ہاتھ صاف کیجئے۔



☆ ایکویریم کی صفائی کے دوران دستانے پہینے۔




☆ بہتر یہی رہے گا کہ آپ اپنے چہرے کو کسی اچھے کپڑے مثلاً سکارف / رومال / گمچھ سے ڈھانپئے۔



## اپنے ایکویریم کی صفائی خود ہی کریں۔ ہم پر بھروسہ کیجئے یہ بہت آسان ہے
## مہنے میں ایک یا دو بار حسبِ ضرورت صفائی کیجئے۔

سیفان / ٹیوب پانی کی نکاسی کا بہت ہی آسان ترین طریقہ ہے





1۔ باغ کی پائپ کا ایک ٹکڑا سیفان کے بدلے کام میں لایا جاسکتا ہے۔

2۔ پائپ (سیفان) میں پانی بھر لیجئے

3۔ ٹنکی میں پائپ کا ایک سِرا ڈال کر پانی کی نکاسی ہوگی۔

4۔ صرف 50-70% پانی ہی باہر نکالنے کی ضرورت۔ مچھلیوں کو باہر نکالنے کی ضرورت نہیں ہے

تازہ پانی دوبارہ بھریئے




5۔ ہماری رہائشی مکانوں میں میونسپل واٹر سپلائی یا پی۔ ایچ۔ ای کے ذریعے نل کا پانی آتا ہے جس میں کلورین ملا ہوتا ہے جو مچھلیوں کے لئے زہریلا ہے لہٰذا نل کے پانی کو براہ راست مچھلیوں کی ٹنکی میں ڈالنے سے اجتناب کریں۔

6۔ پہلے ایک یا دو پانی کی بالٹین بھر کر 50-60 گھنٹوں کے لئے ڈھکن بند کر کے رکھیں تا کہ اسمیں کلورین کا اثر ذائل ہو جائے گا۔

7۔ اب آپ یہ پانی دوبارہ مچھلیوں کی ٹنکی میں ڈال سکتے ہیں۔

8۔ پانی کا تبادلہ اور صفائی کا مرحلہ ختم ہونے کے ساتھ ہی اب مچھلیوں کی ٹنکی تیار ہے۔

## آپکی قیمتی مچھلیوں کی خوراک اور دیکھ بھال

☆ لاک ڈاؤن کے مدت کے دوراں دن میں صرف ایک یا دو بار خوراک ڈالیں۔ مقدار کو کم کیجئے۔

☆ مچھلیوں کے خوارک ختم ہونے کی صورت میں پریشان ہونے کی ضرورت نہیں۔

☆ کچھ گھنٹوں کے لئے گھیوں کا دھلیہ بھگو دیجئے تا کہ اسکو بعد میں مچھلیوں کی خوارک کے طور پر استعمال کیا جاسکے
(آدھا چائے کا چمچہ 4-5 مچھلیوں کے لئے کافی ہے)

☆ بکری کی کلیجی کو باریک ٹکڑے کر کے مچھلیوں کو بطور خوارک دیا جاسکتا ہے۔

☆ حسبِ ضرورت بھرے ہوئے فلٹر کھولکر صاف کریں 24 گھنٹوں میں خصوصاً خوراک کے دوران دو تین بار ہوا پمپ ٹھنڈا کرنے کے لئے 25-30 منٹوں کے لئے بند کریں

## یہ کبھی نہیں بھولئے!


✓ ٹنکی میں پانی کو بدلنے، مچھلیوں کو خوارک ڈالنے اور فلٹر کی صفائی وغیرہ کرنے سے پہلے اور بعد میں ہاتھوں کو 20 سیکنڈ تک صابون سے دھونا بہت ضروری ہے۔

✓ سیفان کے بدلے ساری پائپیں، مگ، ہاتھ جال، وغیرہ کو ہر بار استعمال کرنے کے بعد دھوپ میں سوکھنے کے لئے رکھیئے۔



✓ آن لائن مشورہ کے لئے ڈی سی ایف آر (DCFR) سے مستفید ہو جایئے۔

✓ لاک ڈاون پر عمل کر کے سلامت رہیے




آئی سی اے آر (ICAR) ڈائریکٹوریٹ آف کولڈ واٹر فشریز ریسرچ، بھیم تال۔ 263136
رابطہ کیجئے: 91-9542-247280,247279+ ای میل: dcfrin@gmail.com